01.04.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان
Music

-----------------------------

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو اگلے دس سال میں اقتصادی اعتبار سے خودکفیل بننے کی ضرورت ہے تاکہ عالمی پہلوؤں اور عوامل کا بھارت پر کوئی زیادہ اثر نہ پڑے۔
- ☆ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال کو شراب پالیسی گھپلے کے سلسلے میں اِس مہینے کی 15 تاریخ تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔
- ☆ وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے DMK پارٹی پر الزام لگایا ہے کہ وہ Katchatheevu جزیرے کے معاملے پر تمل ناڈو کے مفادات کا تحفظ کرنے میں ناکام رہی ہے۔
- ☆ بھارتی موسمیات محکمے نے ملک کے شمال مشرقی حصوں میں جمعرات تک بارش کا سلسلہ جاری رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔
- ☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں، آج شام ممبئی میں، ممبئی انڈینس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔

----------------------

Music
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM-RBI**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کو اگلے دس سال میں اقتصادی اعتبار سے خودکفیل بننے کی ضرورت ہے تاکہ عالمی پہلوؤں اور عوامل کا بھارت پر کوئی زیادہ اثر نہ پڑے۔ جناب مودی آج ممبئی میں ریزرو بینک آف انڈیا کے 90 سال مکمل ہونے کی یادگاری تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارتی بینکاری شعبے کی کایا پلٹ ایک ایسا معاملہ ہے جس کا مطالعہ کرکے سیکھنے کی ضرورت ہے۔
وزیر اعظم نے کہا کہ بینکاری شعبہ منافع بخش بن گیا ہے اور پچھلے دس سال میں اُن کی سرکار اور ریزرو بینک کی جانب سے کئے گئے اقدامات کے سبب قرضوں کی صورتحال کو فروغ حاصل ہوا ہے۔
انھوں نے کہا کہ حکومت نے سرکاری ملکیت کے بینکوں میں نئی جان ڈالنے کیلئے ساڑھے تین لاکھ کروڑ روپے کا سرمایہ اِن بینکوں میں لگایا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سرکاری ملکیت کے بینکوں کے پھنسے ہوئے اثاثے 2018 میں تقریباً سوا گیارہ

فیصد تھے جو پچھلے سال ستمبر میں گھٹ کر تین فیصد سے بھی کم رہ گئے ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ دو طرح کی Balance Sheet کا مسئلہ اب ماضی کی بات ہوگئی ہے اور بینکوں میں اب قرضوں میں 15 فیصد کا اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ان سب کامیابیوں میں ریزرو بینک نے اہم رول ادا کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریزرو بینک دنیا بھر میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت اور اپنے عہد کیلئے جانا جاتا ہے۔ جناب مودی ممبئی کے ایک دن کے دورے پر گئے ہوئے ہیں۔
مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور محکمہ خزانہ کے وزراءِ مملکت بھاگوت کرشن راؤ کراڈ اور پنکج چودھری نے بھی اِس پروگرام میں شرکت کی۔
اس موقع پر ریزرو بینک کے گورنر شکتی کانت داس نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایک ادارے کے طور پر ریزرو بینک کا ارتقاء بھارتی معیشت کے فروغ کے ساتھ باہم منسلک ہے۔
مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزراء اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور اجیت پوار نیز مختلف بینکوں کے نمائندوں اور صنعتی رہنماؤں نے بھی اِس تقریب میں شرکت کی۔ریزرو بینک آف انڈیا نے پہلی اپریل 1935 کو اپنا کام کاج شروع کیا تھا۔

**Court-Kejriwal**

دلی کی ایک عدالت نے آج دلی کے وزیر اعلیٰ اور عام آدمی پارٹی کے رہنما اروند کجریوال کو مبینہ شراب پالیسی گھپلے سے متعلق کالے دھن کو جائز بنانے کے معاملے میں اِس ماہ کی 15 تاریخ تک عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔ اروند کجریوال کو 21 مارچ کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے گرفتار کیا تھا۔ راؤز ایونیو عدالت کی خصوصی سی بی آئی جج کاویری باویجا نے ای ڈی کی تحویل کی مدت ختم ہونے پر اروند کجریوال کو عدالت میں پیش کئے جانے کے بعد یہ حکم جاری کیا۔ اِس سے قبل گزشتہ مہینے کی 22 تاریخ کو سماعت کررہی عدالت نے انہیں 6 روز کے لیے ای ڈی کی تحویل میں بھیج دیا تھا، جس میں مزید چار دن کی توسیع کی گئی تھی۔
عام آدمی پارٹی کے رہنما نے ای ڈی کی جانب سے جاری کئے گئے 9 سمن کو نظر انداز کردیا تھا۔ عام آدمی پارٹی کے دیگر رہنما منیش سسودیا اور سنجے سنگھ بھی اِس معاملے میں ملزم ہیں اور اِس وقت عدالتی تحویل میں ہیں۔

**PM-Katchatheevu**

وزیر اعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے Katchatheevu جزیرے کے معاملے پر DMK پارٹی پر نکتہ چینی کی ہے اور یہ الزام لگایا ہے کہ پارٹی نے تمل ناڈو کے مفادات کا تحفظ کرنے کیلئے کچھ نہیں کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے یہ الزام لگایا کہ Katchatheevu معاملے پر جو نئی تفصیلات سامنے آئی ہیں اُس سے DMK پارٹی کا دوہرا معیار پوری طرح بے نقاب ہوگیا ہے۔
1974 میں بھارت اور سری لنکا کے درمیان ایک سمجھوتے پر دستخط کئے گئے تھے جس کے تحت اُس وقت کی کانگریس سرکار نے Katchatheevu جزیرہ سری لنکا کو دے دیا تھا۔
وزیر اعظم نریندر مودی ایک میڈیا رپورٹ کا حوالہ دے رہے تھے جس میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ اُس وقت کی وزیراعظم اندرا گاندھی نے اِس معاملے پر اُس وقت کے تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کروناندھی کو اعتماد میں لیا تھا اور مذکورہ سمجھوتے کے خلاف عوامی سطح پر DMK پارٹی کی بیان بازی کے باوجود جناب کروناندھی نے سمجھوتے کے تئیں اپنی رضامندی کا اظہار کیا تھا۔
جناب مودی نے الزام لگایا کہ کانگریس اور DMK ایسے دو کنبے ہیں جنھیں صرف اپنے بیٹے بیٹیوں کی ترقی کا خیال رہتا ہے۔

انھوں نے یہ بھی کہا کہ Katchatheevu معاملے پر اِن دونوں پارٹیوں کی لاتعلقی اور بے توجہی سے غریب ماہی گیروں اور خاص طور پر خاتون ماہی گیروں کے مفادات کو نقصان پہنچا ہے۔

اِدھر وزیر خارجہ اور BJP کے سرکردہ لیڈر ڈاکٹر ایس جےَ شنکر نے آج صبح نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے اِس معاملے پر DMK پارٹی کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔ انھوں نے کہا کہ تمل ناڈو کی حکمراں پارٹی Katchatheevu جزیرہ سری لنکا کے حوالے کرنے پر سوال اٹھاتی ہے اور یہ دعویٰ کرتی ہے کہ اُس وقت تمل ناڈو سرکار سے صلاح ومشورہ نہیں کیا گیا تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ اُسے پوری جانکاری دی گئی تھی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ کانگریس اور DMK دونوں پارٹیوں نے اِس معاملے پر جس طرح کا موقف اختیار کیا ہے اُس سے لگتا ہے کہ ان کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

**BJP-Manifesto Meeting**

بی جے پی کے انتخابی منشور سے متعلق کمیٹی کی میٹنگ نئی دلی میں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں جاری ہے۔ یہ کمیٹی لوک سبھا انتخابات کے لیے پارٹی کے منشور کو حتمی شکل دے گی۔ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ کی قیادت میں 27 رکنی کمیٹی کی یہ پہلی میٹنگ ہے۔ پارٹی کی سینئر رہنما اور مرکزی وزیر نرملا سیتارمن اِس کی کنوینر ہیں، جبکہ پیوش گوئل پینل کے معاون کنوینر ہیں۔

اِس دوران کانگریس کی مرکزی انتخابی کمیٹی بھی تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کے لیے امیدواروں کے ناموں کا فیصلہ کرنے کی خاطر نئی دلی میں میٹنگ کررہی ہے۔ پارٹی کے صدر ملکارجن کھڑگے، سینئر رہنما سونیا گاندھی، تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی اور دیگر شخصیات اِس میٹنگ میں موجود ہیں۔

**ECI-Ghosh Supriya**

انتخابی کمیشن نے خواتین کے خلاف توہین آمیز رائے زنی کرنے کی بنا پر BJP کے ممبر پارلیمنٹ دلیپ گھوش اور کانگریس لیڈر سپریا شری نیت کی سرزنش کی ہے۔ مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کے خلاف جناب دلیپ گھوش کے بیان کی سخت مذمت کرتے ہوئے چناوٗ کمیشن نے انہیں تنبیہ کی ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ عمل نافذ ہونے کے تناظر میں کسی طرح کا بیان دینے میں پوری احتیاط برتیں۔

انتخابی کمیشن نے BJP کی لوک سبھا امیدوار کنگنا رانوت کے خلاف توہین آمیز رائے زنی کرنے پر کانگریس کی لیڈر سپریا شری نیت کو بھی تنبیہ کی ہے اور ان سے بھی کہا ہے کہ وہ مثالی ضابطۂ عمل نافذ رہنے کے دوران بیان دینے میں احتیاط سے کام لیں۔

اپنے حکم میں چناوٗ کمیشن نے کہا کہ ان دونوں رہنماؤں نے ذاتیات پر حملہ کرکے مثالی ضابطۂ عمل کی دفعات کی خلاف ورزی کی ہے۔

**Cong-Joining**

عام آدمی پارٹی کے سابق ممبر پارلیمنٹ دھرم ویر گاندھی آج کانگریس پارٹی میں شامل ہوگئے ہیں۔ وہ کانگریس لیڈر Pawan Khera اور دیگر رہنماؤں کی موجودگی میں پارٹی میں شامل ہوئے۔ جناب دھرم ویر گاندھی پنجاب میں پٹیالہ لوک سبھا سیٹ سے ممبر پارلیمنٹ رہ چکے ہیں۔

**PM-Sivakumara**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج مذہبی رہنما اور ماہر تعلیم ڈاکٹر سری سری سیوکمار Swamigalu کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ ڈاکٹر Swamigalu نے ایثار اور ہمدردی کے حقیقی جذبے کے ساتھ ملک کی خدمت کیلئے بے مثال تعاون دیا۔

**IMD-Weather**

بھارتی محکمہ موسمیات نے جمعرات تک شمال مشرقی بھارت میں بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔ آئندہ دو سے تین دنوں میں اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں شدید بارش اور برف باری کا بھی امکان ہے۔ IMD نے اِس ماہ کی 5 تاریخ تک مغربی سمت سے ہونے والی موسم کی دو تبدیلیوں کا ہمالیائی خطے پر اثر پڑنے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ اِس کے زیر اثر چھ اپریل تک جموں وکشمیر، لداخ، مظفرآباد، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں کہیں کہیں اور دور دور تک بارش اور گرج چمک کے ساتھ برف باری کا بھی امکان ہے۔ پنجاب، ہریانہ اور چنڈی گڑھ میں 5 اپریل تک ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔

**IPL**

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ راجستھان رائلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل شام وشاکھا پٹنم میں ڈیلی کیپٹلس نے چنئی سپرکنگس کو 20 رن سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کا فیصلہ کرتے ہوئے ڈیلی کیپٹلس نے مقررہ 20 اوور میں 5 وکٹ کے نقصان پر 191 رن بنائے۔ اِس کے جواب میں چنئی سپرکنگس 6 وکٹ پر 171 رن ہی بناسکی۔ خلیل احمد کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِس قبل دن میں احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس نے سن رائزرس حیدر آباد کو سات وکٹ سے ہرایا تھا۔